**AQF / Mazhar**

**20-05-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ حکومت نے استعمال کرنے والوں کیلئے آسان اوورسیز سٹیزن آف انڈیا پورٹل کا آغاز کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نیا OCI پورٹل شہریوں کیلئے سازگار ڈیجیٹل حکمرانی کو فروغ دینے میں ایک اہم قدم ہے۔

☆ NCP کے سینئر رہنما چھگن بھجبل کو آج مہاراشٹر کابینہ میں شامل کیا جائے گا۔

☆ بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران کرناٹک میں شدید بارش کے تعلق سے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین، جنگ بندی اور جنگ کے ممکنہ خاتمے کیلئے فوری اور راست مذاکرات شروع کریں گے۔

☆ کھیلو انڈیا بیچ گیمز Diu کے Ghoghla بیچ پر ایک رنگ رنگ افتتاحی تقریب کے ساتھ شروع ہوگئے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کی کھیلوں کی تاریخ میں اِسے ایک تاریخ ساز لمحہ قرار دیا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**HM-OCI PORTAL**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کل نئی دلّی میں نئے اوورسیز سِٹیزَن آف انڈیا، OIC پورٹل کا آغاز کیا۔ مذکورہ نیا پورٹل، موجودہ 50 لاکھ سے زیادہ OCI کارڈ رکھنے والوں اور نئے صارف کو بہتر طور پر کام کرنے کی سہولت، جدید سکیورٹی اور صارف دوست تجربہ فراہم کرے گا۔ اِس موقع پر وزیر داخلہ نے کہا کہ بھارت، OCI کارڈ رکھنے والوں کو عالمی درجے کی امیگریشن سہولیات فراہم کرنے کی مسلسل کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تازہ ترین یوزَر اِنٹرفیس کے ساتھ نیا OCI پورٹل بیرون ملک آباد شہریوں کے رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کیلئے شروع کیا گیا ہے۔

جناب شاہ نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ دنیا بھر کے مختلف ممالک میں بہت سے بھارت شہری رہتے ہیں، اور اس

بات کو یقینی بنایا جانا چاہیے کہ جب وہ بھارت کا دورہ کررہے ہیں یا یہاں قیام کررہے ہیں تو انہیں کسی طرح کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ داخلی امور کی وزارت کے مطابق OCI خدمات پورٹل 2013 میں تیار کیا گیا تھا، اور فی الحال یہ بیرون ملک 180 سے زیادہ مشنوں اور ساتھ ہی ساتھ بارہ(Foreigners Regional Registraion Offices (FRROs میں کام کررہا ہے اور اِس میں تقریباً روزانہ دو ہزار سے زیادہ درخواستوں پر کام کیا جاتا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے نئے OCI پورٹل کو سراہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اضافی خصوصیات اور بہتر کام کاج کے ساتھ نیا پورٹل شہریوں کیلئے سازگار ڈیجیٹل حکمرانی کو فروغ دینے میں ایک اہم قدم ہے۔×

**CHHAGAN BHUJBAL**

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (NCP) کے سینئر رہنما چھگن بھجبل کو آج مہاراشٹر کابینہ میں شامل کیا جائے گا۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن ممبئی کے راج بھون میں صبح 10 بجے انہیں عہدے اور راز داری کا حلف دلائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C BHavana**

*مہاراشٹر کی سیاست میں ایک بڑی پیش رفت کے تحت آزمودہ کار OBC رہنما اور ایک نہایت تجربہ کار سیاستداں NCP لیڈر چھگن بھجبل آج ایک کابینی وزیر کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ جناب بھجبل کو خوراک، شہری فراہمی اور صارفین کے تحفظ سے متعلق محکمہ دیا جاسکتا ہے۔ یہ محکمہ پہلے بھی ان کے پاس تھا۔ حلف برداری کی یہ تقریب قانون ساز آسمبلی کے مانسون اجلاس سے قبل ہورہی ہے۔ NCP کی جانب سے وزارت کیلئے کوئی دستیاب نہیں تھا۔ اس سال کے اوائل میں دھنجے منڈے نے، اُن کے قریبی ساتھی کے جبراً وصولی اور قتل کے معاملے میں عوامی غصہ بھڑکنے کے تناظر میں استعفیٰ دے دیا تھا۔*

*ممبئی سے بھاؤنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.*

**JAISHANKAR-NETHERLANDS**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سختی سے مذمت اور دہشت گردی کے خلاف قطعی برداشت نہ کرنے میں تعاون کیلئے نیدرلینڈس کی ستائش کی ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر کا یہ بیان، اُس وقت سامنے آیا جب انہوں نے کل Hague میں نیدرلینڈ کے اپنے ہم منصب Caspar Veldkamp سے بات چیت کی۔ وزیر خارجہ، نیدرلینڈس، ڈنمارک اور جرمنی کے 6 روزہ دورے پر ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ انہوں نے یوروپی یونین کے ساتھ اپنی باہمی شراکت داری اور مصروفیات کو گہرا کرنے پر وسیع تر تبادلہ خیال کیا اور کثیر قطبی دور میں عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خارجہ کے ساتھ

ساتھ انہوں نے اسٹریٹجک ماہرین سے بھی ملاقات کی اور بات چیت میں بھارت اور نیندرلینڈس کے درمیان گہری شراکت داری پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس سے قبل نیندرلینڈس کیلئے بھارتی سفیر کمار Tuhin اور وزارت خارجہ میں ڈائریکٹر گیبریلا سینسی نے ڈاکٹر جے شنکر کا خیر مقدم کیا۔×

**INDIA AMBASDOR ISRAEL**

اسرائیل میں بھارت کے سفیر JP سنگھ نے کہاہے کہ یہی صحیح وقت ہے جب اسلام آباد کو چاہئے کہ وہ پاکستان میں مقیم عالمی دہشت گردی کی اسلامی تنظیموں لشکرطیبہ اور جیش محمد کے سرغناؤں کو بھارت کے حوالے کرے۔اسرائیل کے ٹی وی چینل کے ساتھ انٹرویو میں جناب سنگھ نے کہا کہ یہ پاکستانی گروہ، 22 اپریل کو جموں وکشمیر کے پہلگام میں ہوئے گھناؤنے حملے سمیت بھارت میں کئی دہشت گردانہ حملوں میں شامل رہے ہیں۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے جواب میں بھارت کی دفاعی افواج کی جانب سے 7 مئی کو شروع کیاگیا آپریشن سندور، ختم نہیں ہوا ہے بلکہ اسے عارضی طور پر روکا گیاہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف لڑائی جاری رہے گی۔

**SPECIAL FEATURE PARAM VEER CHAKRA**

آپریشن سندور کی کامیابی کے موقع پر، قوم، بھارتی فوجیوں کی بہادری کو سلام پیش کرتی ہے۔آکاشوانی نیوز دفاعی افواج کو خراج تحسین کے طور پر خصوصی نشریہ پیش کررہا ہے۔ آج ہم اس کے تحت پرم ویر چکر یافتہ نائب صوبیدار باناسنگھ کی بہادری کو یاد کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ VC- Anupam

*جموں کے رہنے والے نائب صوبیدار بانا سنگھ نے جنوری 1969 میں آٹھویں جموں وکشمیر لائٹ انفنٹری میں شمولیت اختیارکی۔ جون 1987 میں ان کے ڈویژن کو سیاچین میں تعینات کیاگیا۔ اس دوران یہ دیکھاگیاکہ علاقے میں پاکستانی دراندازبڑی تعداد میں گھس آئے ہیں۔علاقے کو دراندازوں سے خالی کرانا ضروری تھا اور اس کام کیلئے خصوصی ٹاسک فورس تشکیل دی گئی۔نائب صوبیدارباناسنگھ نے خودکو اس فورس کیلئے رضاکارانہ طور پر پیش کیا۔پاکستانی دراندازی ساڑھے چھ ہزار میٹر کی بلندی پر ہوئی تھی۔ نائب صوبیدارباناسنگھ نے انتہائی مشکل اور دشوار گزار راستے کا استعمال کرتے ہوئے بہادری اور شجاعت کے ساتھ ٹاسک فورس کی قیادت کی۔ اس دوران دستی بموں کا استعمال کرتے ہوئے نائب صوبیدار باناسنگھ نے ہرخندق کو دراندازوں سے آزاد کیا۔ انہوں نے اپنی ٹیم کو اپنی بہادری اور قیادت سے متاثر کیا۔ اس بے مثال قیادت اور منفرد بہادری کیلئے نائب صوبیدار باناسنگھ کو پرم ویر چکر سے*

نوازا گیا۔ قوم ان کی شجاعت کو سلام پیش کرتی ہے۔

دلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**PM-MAN KI BAAT**

وزیرِ اعظم نریندر مودی 25 مئی کو آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 122 واں نشریہ ہوگا۔ لوگ ٹول فری نمبر 7800 - 11 - 1800 کے ذریعے پروگرام کیلئے اپنی رائے اور تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ لوگ نریندر مودی ایپ یا My Gov اوپن فورم کے ذریعے بھی آن لائن اپنی تجاویز بھیج سکتے ہیں۔ آئندہ نشریے کیلئے تجاویز اِس ماہ کی 23 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔ x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**IMD-RAINFALL ALERT**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران کرناٹک میں موسلادھار بارش کی وارننگ کے تعلق سے ایک Orange الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے کرناٹک اور تمل ناڈو، کونکن اور مہاراشٹر سے متصل علاقوں کیلئے ریڈ الرٹ کی وارننگ بھی جاری کی ہے، کیونکہ اگلے تین روز کے دوران اِن علاقوں میں شدید سے شدید تر بارش ہونے کا امکان ہے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے IMD میں سینئر سائنسداں R.K. Jenamani نے کہا ہے کہ ممبئی میں بھی کل سے اوسط سے شدید بارش ہوگی۔ اس دوران شدید بارش، گرج چمک اور بجلی سے جھارکھنڈ کے مختلف حصوں میں 6 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ گڑھوال ضلع کے میرال گاؤں سے تین اموات، رام گڑھ ضلع سے دو اموات اور ہزاری باغ ضلع سے ایک شخص کی موت ہونے کی خبر ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل سے اگلے دو روز تک مختلف حصوں میں شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

**KARNATKA RAIN**

بنگلورو شہر میں بارش کا سلسلہ جاری ہے، جس میں شہر کی انتظامیہ چوبیسوں گھنٹے کام کررہی ہے تاکہ سڑکوں اور گھروں میں بھرے پانی کو باہرنکالا جاسکے۔ رات میں 25ملی میٹر سے زیادہ بارش درج کی گئی۔ وزیراعلیٰ سدا رمیا اور نائب وزیراعلیٰ ڈی کے شیوکمار کل شام میونسپل کارپوریشن کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ میٹنگ کی تاکہ صورتحال کا جائزہ لیا جاسکے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC- Sudhindra

موسلادھاربارش کی وجہ سے بنگلورو شہر مسلسل متاثر ہے کیونکہ شہر کے نچلے علاقوں میں پانی بھرگیاہے۔ سیلاب زدہ علاقوں میں پھنسے لوگوں کو کشتیوں اور ٹرکوں سے نکالاجارہا ہے۔ لمبے ٹریفک جام کو دیکھتے ہوئے کمپنیوں نے اپنے ملازمین کو گھر سے کام کرنے کی اجازت دی ہے۔ 166 ایسے علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے جنہیں بارش اور طوفان کا سامنا ہے جہاں سیلاب سے سے بچاؤ کا کام کیاجارہا ہے۔ جناب ڈی کے شیوکمار نے کہاہے کہ ٹریفک پولیس نے ایسے 132 علاقوں کی نشاندہی کی ہے جو سیلاب سے متاثر ہیں۔

بنگلورو سے سدھیندرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں توحیدحقانی

## UTTARKHAND-CHARDHAM YATRA

اُتراکھنڈ میں جاری چار دھام یاترا میں عقیدت مندوں کی بڑی تعداد شرکت کررہی ہے۔ 30 اپریل کو پوِتر یاترا شروع ہونے کے بعد سے 10 لاکھ سے زیادہ عقیدت مندوں نے محض 20 دن کے اَندر بدری ناتھ، کیدار ناتھ، گنگوتری اور یمنوتری مقدس مقامات کا دورہ کیا ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق تقریباً چار لاکھ عقیدت مندوں نے کیدارناتھ کا، دو لاکھ عقیدت مندوں نے بدری ناتھ کا، جبکہ تین لاکھ 65 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے گنگوتری اور یمنوتری دونوں مقامات کے درشن کئے ہیں۔×

## TRUMP CEASEFIRE NEGOTIATIONS

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ روس اور یوکرین، جنگ بندی اور جنگ ختم کرنے کے ممکنہ امکان تک پہنچنے کیلئے سیدھے بات چیت شروع کریں گے۔ روسی صدر ولادیمیرپوتن کے ساتھ دوگھنٹہ طویل ٹیلی فون بات چیت کے بعد صدر ٹرمپ نے یہ اعلان کیاہے۔ جناب ٹرمپ نے اس بات چیت کو مثبت قرار دیا اور کہاکہ دونوں فریق مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ دوسری جانب پوتن نے تصدیق کی ہے کہ روس، یوکرین کے ساتھ ممکنہ امن سمجھوتے پرکام کرنے کیلئے تیار ہے۔

روس نے کہاکہ مذاکرات صحیح سمت میں جاری ہیں۔روسی صدرنے جاری تنازعے کے دوران امن کیلئے سب سے موثرراستہ تلاش کرنے کی ضرورت پرزور دیا۔ وہیں یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے کہاہے کہ یوکرین، روس کے ساتھ ترکیہ، سوئٹزرلینڈ یا ویٹکن میں بات چیت کیلئے تیار ہے۔ زیلنسکی نے مکمل اور غیرمشروط جنگ بندی کی بات کہی اور زور دیاکہ یوکرین بامعنی فیصلے لینے کیلئے تیار ہے۔×

**HAJ PHASE-2**

حج 2025 کیلئے عازمین حج ملک بھر کے 18 امبارکیشن پوائنٹس سے روانہ ہورہے ہیں۔ایک لاکھ 20 ہزار سے زیادہ عازمین حج کو ایک مہینے کی مدت میں حج پر روانہ کرنے کیلئے دو مرحلوں میں روانگی کا عمل انجام دیا جارہا ہے۔ اقلیتوں کی وزارت نے بتایا کہ مقررہ امبارکیشن پوائنٹس سے گزشتہ مہینے کی 29 تاریخ کو شروع ہوا روانگی کا پہلا مرحلہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگیاہے۔ان امبارکیشن پوائنٹس میں احمدآباد، بنگلور، بھوپال، دلی، گیا، گوہاٹی، حیدرآباد، اندور، جے پور، لکھنؤ، ممبئی اور سری نگر شامل ہیں۔ اس دوران 10 مئی کو شروع ہوا دوسرا مرحلہ جاری ہے۔

وزارت نے بتایا کہ عازمین کی آسان روانگی کو یقینی بنانے کیلئے سبھی ضروری انتظامات کرلئے گئے ہیں، جن میں لوجسٹک مدد، طبی سہولتیں اور ہوائی اڈہ اتھارٹیز کے ساتھ تال میل شامل ہے۔

**GeM-CEO**

گورنمنٹ ای-مارکیٹ پلیس، GeM، رسائی اور کفایت کے معاملے میں نئی بنیاد قائم کرتے ہوئے دنیا کا سب سے بڑا اور سب سے موثر عوامی ای-خریداری پلیٹ فارم بن کر ابھرا ہے۔ GeM کے چیف ایگزکیٹیو افسر Mihir Kumar نے کل نئی دلّی میں GeM کی شروعات کے آٹھ سال مکمل ہونے پر منعقدہ اخباری کانفرنس میں یہ بات کہی۔ جناب کمار نے کہا کہ GeM نے 10 لاکھ سے زیادہ MSMEs، ایک لاکھ 30 ہزار سے زیادہ بڑھئی اور بنکروں، ایک لاکھ 84 ہزار خواتین کاروباریوں اور 31 ہزار اسٹارٹ اَپس کو شامل کیا ہے۔ جناب کمار نے کہا کہ محض آٹھ سال میں GeM، عوامی خریداری کے عمل میں یکسر بدلاؤ والی قوت بن کر ابھرا ہے اور اِس نے حجم اور قدر دونوں کے معاملے میں مضبوط ڈیجیٹل نظام قائم کرتے ہوئے غیرمتوقع بلندی حاصل کی ہے۔

GeM کے CEO نے مزید کہاکہ پلیٹ فارم پر فی الحال ایک لاکھ 64 ہزار سے زیادہ پرائمری خریدار اور چار لاکھ 20 ہزار سے زیادہ سرگرم فروخت کنندگان ہیں اور یہ دس ہزار سے زیادہ مصنوعاتی زمروں اور 330 خدمات کی پیشکش کرتا ہے۔ جناب کمار نے بتایا کہ GeM پر کئے جانے والے لین دین میں سے 97 فیصد لین دین پر کوئی لین دین چارجز نہیں لگائے جاتے۔×

**SHIVRAJ-ICAR CONFERENCE**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج نئی دلّی میں زرعی تحقیق کے اداروں کی بھارتی کونسل (ICAR) کی زرعی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں اور ڈائریکٹروں کی سالانہ کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ اس کانفرنس کا موضوع ہے : کارروائی کیلئے تیاری : سال 2047 تک وکست بھارت کیلئے زرعی تحقیق اور تعلیم کی ترویج اور توسیع۔

اس تقریب کے دوران جناب چوہان بھارت کی طویل مدتی ترقی کیلئے قومی زرعی تحقیقی نظام NARS کے تصور نو کے موقع پر ایک اعلیٰ سطحی پینل کی بھی قیادت کریں گے۔×

## KHELO INDIA BEACH GAMES

کھیلوں انڈیا بیچ گیمس، KIBG کے افتتاحی ایڈیشن کا کل شام Diu کے گھوگلا Beach پر آغاز ہوا۔کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے رنگارنگ تقریب میں ان کھیلوں کی باضابطہ شروعات کا اعلان کیا۔ افتتاحی تقریب میں روایتی رقص کے ذریعے بھارت کی گوناگونیت کو پیش کیاگیا۔ جناب مانڈویا نے سال 2047 تک بھارت کو اسپورٹس سپرپاور بنانے کے عزم کو دوہرایا۔ کھیلو انڈیا بیچ گیمس میں 30 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں سے ایک ہزار 350 سے زیادہ ایتھلیٹس شرکت کررہے ہیں۔ کھیلو انڈیا Beach گیمز میں ملک بھر کے ایتھلیٹ، چھ میڈل مقابلوں اور دو Demonstration کھیلوں میں ایک دوسرے سے مقابلہ آرائی کریں گے۔

میڈل مقابلوں میں Beach Soccer، بیچ والی بال، بیچ کبڈی، Beach Sepek ٹکراؤ، Pencak Silat اور اوپن واٹر تیراکی شامل ہیں۔ وہیں دو روایتی کھیلوں میں ملکھامب اور رَسّہ کشی کا کھیل شامل ہیں۔ وزیراعظم نریندرمودی نے کھیلو انڈیا Beach گیمس کو ملک کی کھیلوں کی تاریخ ساز لمحہ قرار دیا اور وعدہ کیاکہ یہ گیمس، بھارت کے کھیلوں کے کیلنڈر میں ہلچل مچادیں گے۔جناب مودی نے ان گیمس کا انعقاد کرنے والوں کو مبارکباد دی اور اپنے پیغام میں انہیں نیک خواہشات پیش کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری ہی طرح متنوع ملک میں کھیلوں کو ہمیشہ ثقافتوں، خطوں اور زبانوں کو جوڑنے کی منفرد قوت حاصل رہی ہے۔

## ISSF JINIOR WORLD CUP

Raiza Dhillon کی قیادت میں بھارت کے 57 نشانے بازوں پر مشتمل ٹیم جرمنی کے Suhl شہر میں ہورہے ISSF جونیئر ورلڈ کپ 2025 میں حصہ لے گی۔کل سے شروع ہوا پہلا ISSF جونیئر عالمی کپ 26 مئی تک چلے گا۔ اس میں 21سال سے کم عمر کے کھلاڑی حصہ لیں گے۔ Peru میں جونیئر عالمی چمپئن شپ میں 13سونے کا تمغہ جیتنے کے بعد بھارت کی ٹیم کے حوصلے بلند ہیں۔

## TEBLE TENNIS

قطر میں ہورہے عالمی ٹیبل ٹینس چمپئن شپ 2025 میں کل بھارت کی دیا چتالے اور یشسوی گھورپڑے خواتین ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ پہلا میچ ہارنے کے بعد بارہویں سیڈ کی کھلاڑی چتالے اور کھورپڑے نے دولت مشترکہ

کھیلوں میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی سنگاپور کی Zeng Jian اور Ser Lin Qian کو تین ایک سے شکست دی۔ چتالے اور کھورپڑے کا مقابلہ اگلے راؤنڈ میں جاپان کی عالمی نمبر 6جوڑی Miwa Harimoto اور Miyauu Kihara سے ہوگا۔

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں کل رات لکھنؤ سپرجائنٹس،سن رائزرس حیدرآباد سے چھ وکٹ سے ہارنے کے بعد پلے آف کی دوڑ سے باہرہوگئی ہے۔لکھنؤ کے سات وکٹ پر 205 رن کے جواب میں حیدرآباد نے چار وکٹ کے نقصان پر 18.2اوور میں جیت حاصل کرلی۔ ابھیشیک شرما نے 59 رن بنائے جس کے بعد انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی چناگیا۔

آج شام ساڑھے سات بجے دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں چنئی سپرکنگس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔

**PIYUSH GOYAL-US**

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ انہوں نے بھارت -امریکہ باہمی تجارتی سمجھوتے کے پہلے دور کو تیز کرنے کے تعلق سے امریکہ کے اپنے ہم منصب Howard William Lutnick سے مثبت بات چیت کی ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان یہ بات چیت، اشیاء کے معاملے میں عبوری تجارتی معاہدے کے امکان تلاش کرنے کے تناظر میں ہوئی ہے۔ تجارتی معاہدے کے پہلے مرحلے کو اس سال اکتوبر تک قطعی شکل دے دی جائے گی۔ جناب گوئل اپنے امریکی ہم منصب کے ساتھ تجارتی سمجھوتے پر تبادلہ خیال کیلئے اس مہینے کی 17 تاریخ سے واشنگٹن میں سینئر بھارتی اہلکاروں کی ٹیم کی قیادت کررہے ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید

شکریہ - ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔ روزنامہ پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے خارجہ سکریٹری وکرم مسری کے آپریشن سندور سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کو دی گئی بریفنگ کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیاہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ بھارت اورپاکستان کے درمیان جنگ بندی کے معاہدے میں تیسرے

فریق کی شمولیت نہیں۔

روزنامہ ملاپ نے وزیرداخلہ امت شاہ کے احمدآباد کے ایک پروگرام میں دیئے گئے بیان کو پہلے صفحہ پر شائع کیاہے کہ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر میں کوآپریٹو ڈھانچے کو مضبوط کرنے کی ضرورت۔ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کے اس بیان کو بھی کئی اخباروں نے نمایاں طور پر پیش کیاہے کہ ترقی یافتہ بھارت کیلئے ترقی یافتہ زراعت کی ضرورت۔ عالمی خبروں میں روزنامہ راشٹریہ سہارا نے دس سال بعد ایران سے سعودی عرب کیلئے حج فلائٹ کے آپریشن کے آغاز کی خبر کو شائع کیاہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ حکومت نے استعمال کرنے والوں کیلئے آسان اوورسیز سیٹزن آف انڈیا پورٹل کا آغاز کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نیا OCI پورٹل شہریوں کیلئے سازگار ڈیجیٹل حکمرانی کو فروغ دینے میں ایک اہم قدم ہے۔

☆ NCP کے سینئر رہنما چھگن بھجبل کو آج مہاراشٹر کابینہ میں شامل کیا جائے گا۔

☆ بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران کرناٹک میں شدید بارش کے تعلق سے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ روس اور یوکرین، جنگ بندی اور جنگ کے ممکنہ خاتمے کیلئے فوری اور راست مذاکرات شروع کریں گے۔

☆ کھیلو انڈیا بیچ گیمز Diu کے Ghoghla بیچ پر ایک رنگ رنگ افتتاحی تقریب کے ساتھ شروع ہوگئے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کی کھیلوں کی تاریخ میں اِسے ایک تاریخ ساز لمحہ قرار دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------